# 2021

## URDU-GENERAL

## Paper : GE/CC–2

## (Ghazal)

## Full Marks : 65

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

.1 درج ذیل میں سے کسی دس سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) غزل کس زبان کا لفظ ہے؟ اس کے لغوی معنی بتائیے؟

(ii) غزل کے دو اہم موضوعات تحریر کیجئے۔

(iii) قطب شاہی دور کے دو اہم شاعروں کے نام بتائیے۔

(iv) ''یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا'' — شعر مکمل کیجئے اور شاعر کا نام بتائیے۔

(v) میر کا کوئی ایک مشہور شعر تحریر کیجئے۔

(vi) غالب کا اصل نام اور جائے پیدائش تحریر کیجئے۔

(vii) دبستانِ لکھنؤ کے کسی دو اہم شاعروں کے نام بتائیے۔

(viii) اپنے نصاب میں شامل اقبال کی غزل کا پہلا شعر لکھئے۔

(ix) یگانہ کا پورا نام اور جائے پیدائش تحریر کیجئے۔

(x) جدیدیت کے روحِ رواں کون تھے اور جدیدیت کا آغاز اردو ادب میں کب ہوا؟

(xi) ناصر کاظمی کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(xii) شہریار کے کسی دو مجموعۂ کلام کے نام بتائیے۔

(xiii) ''دھوپ کے دشت میں بے سایہ شجر میں ہم تھے''۔ شاعر کا نام بتائیے اور شعر مکمل کیجئے۔

**2.** کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ 10×3=30

(i) اردو غزل کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالئے۔س

(ii) میر کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات واضح کیجئے۔

(iii) دبستانِ لکھنؤ کی غزل گوئی پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(iv) یگانہ کو بحیثیت غزل گو پیش کیجئے۔

(v) اردو غزل پر جدیدیت کے اثرات کی وضاحت کیجئے۔

**3.** درج ذیل میں سے کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ 5×3=15

(i) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

(ii) یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو
کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

(iii) پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

(iv) ہزار شکر کہ ہم نے زباں سے کچھ نہ کہا
یہ اور بات کہ پوچھا نہ اہل ِ دنیا نے

(v) منتشر کر چکی آندھی تو یہ معلوم ہوا
اک بگولے کی طرح ریت کے گھر میں ہم تھے